नूरजहां

نور جہاں

اداکار

مینا کماری۔ پردیپ کمار
رحمان

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

نور جہاں فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

آئی جاد بہاری لے کے درد جوانی
اللہ اللہ ہنستے پیارے دن آ گئے
ٹھنڈی ٹھنڈی سی مست ہوا انداز انوکھے لائی ہے
موسم کی رنگین ادا
کچھ آج سمجھ میں آئی ہے
کوئل باغوں میں آ کے چھیڑے
دل کی کہانی اللہ اللہ
متوالا دل بھول چلا
بچپن کی اکیلی راہوں کو
چھوٹے کی اب دوری یعنی کر ملنے لگی ہے باہوں کو
کوئی دل کا سہارا ڈھونڈے
اب زندگانی اللہ اللہ
دنیا کا نیا رنگ نیا
ہر شے ہے خوشی کا جام لئے
ہر دل ہے ایک آس لئے
ہر آنکھ ہے ایک پیغام لئے
جانے کس کی ہمارے دل پہ ہو مہربانی اللہ اللہ

گانا نمبر ۲: محبت ہو گئی ہے میرے مہرباں کو کسی نامہرباں کو
آج عالم ہے یوں بیخودی کا
جیسے ہو جائے کوئی کسی کا
جانِ وفا مول لائے ہو درد دل یہ کہاں سے
محبت ہو گئی ہے ——
آج نظریں بھی ہیں بہکی بہکی
آج موسم بھی ہے مہکی مہکی
جانِ وفا جن کے لائے ہو پھول کس گلستاں سے
محبت ہو گئی ہے ——
کل تو ایسی نہ تھی بیقراری
آج کیوں دل پہ الجھن ہے طاری
جانِ وفا کہئے کہئے ہائے اللہ کہو تو جب سے
محبت ہو گئی ہے ——
گانا نمبر ۳: نرالی نرالی یہ ساون کا موسم
خدا کی قسم خوبصورت نہ ہوتا
اگر اس میں رنگ محبت نہ ہوتا
سہانی سہانی یہ کوئل کی کوکیں
اٹھاتی ہیں سینے میں رہ رہ کے ہوکیں
چھلکتی ہے مستی گھنے بادلوں سے
الجھتی ہیں نظریں حسیں آنچل سے
یہ پیر نور منظر یہ رنگین عالم

گلابی گلابی وہ پھولوں کے چہرے
یہ رِم جھم کے موتی یہ بوندوں کے سہرے
کچھ ایسی بہار آ گئی ہے چمن میں
کہ دِل کھو گیا ہے اِسی انجمن میں
یہ مہکی نشیلی ہواؤں کا پرچم
خدا کی قسم خوبصورت نہ ہوتا
اگر اس میں رنگِ محبت نہ ہوتا

گانا نمبر ۴:۔ آپ جب سے قریب آئے ہیں
پیار کے رنگ دِل پہ چھائے ہیں
جلوۂ یار نے نگاہوں میں پھول بکھرے ہوئے ہیں اِنہوں میں
دور تک زندگی کے سائے ہیں آپ جب سے قریب آئے ہیں
دِل نے کیسی چوٹ کھائی ہے
زندگی اب سمجھ میں آئی ہے
ہم خود اپنے ہوئے پرائے
آپ جب سے قریب آئے ہیں
آپ سے اپنے دِل کو ہار کے ہم
اس قدر خوش ہیں آپ ہی کی قسم
جیسے دُنیا کو جیت لائے ہیں۔ آپ جب
خبر ہو عشق کے فسانے کی
لگ نہ جائے نظر زمانے کی
ہم نے آگے قدم بڑھائے ہیں۔ آپ جب سے۔

گانا نمبر ۵:- آ گیا لب پہ افسانہ عاشقی
اب کسی بھی فسانے کی پرواہ نہیں
ہم تو ان سے محبت کیے جائیں گے
اب ہمیں اس زمانے کی پرواہ نہیں
آج اے عشق سایہ تیرا سر پہ ہے
تاج قدموں میں ہے تخت ٹھکر پہ ہے
مل گئیں ہیں ہمیں پیار کی دولتیں
اب کسی بھی خزانے کی پرواہ نہیں
زندگی میں بہاریں رہیں گی سدا
ہم نے الفت کے گلشن میں پائی جگہ
چاہے بجلی گرے یا چلیں آندھیاں
اب ہمیں آشیانے کی پرواہ نہیں
بندگی کر رہے ہیں محبت کی ہم
یہ نہیں جانتے کیا ہے دیر و حرم
جھک گئی ہے جبیں حسن کے سامنے
اب کہیں سر جھکانے کی پرواہ نہیں

گانا نمبر ۶:- رات کی محفل سونی سونی
آنکھیں پرنم دل ناکام
سب سے انسانوں کا ہونا ہی تھا یہ انجام
بھول گئے تھے اپنی ہستی
عشق و وفا کے جوش میں ہم

سب کچھ کھو کر بے بس ہو کر
اب آئے ہیں ہوش میں ہم
بہا لے گئے دل کے ارماں
چھوٹا ساقی ٹوٹا جام
ہونا ہی تھا یہ انجام — رات کی
سر کو جہاں ٹکرائیں جا کر
ایسی کوئی دیوار نہیں
ہائے ری قسمت ہم دنیا میں
پیار کے بھی حقدار نہیں
دل ٹوٹا جو اپنے بس میں
لیتے نہ ہم پیار کا نام
ہونا ہی تھا یہ انجام — رات کی —

گانا نمبر ۴ :- وہ محبت وہ وفائیں کس طرح ہم بھول جائیں
اے صنم دل جی رہے ہیں تجھ کو دیکھو تم دعائیں
جب سے لوٹا گردشوں نے عشق تنہا رہ گیا ہے
اُن کی یادوں کے علاوہ اب یہاں کیا رہ گیا ہے
ہم سے روٹھا ہے خدا بھی کس کو اپنا غم دکھائیں
وہ محبت وہ وفا —
نام اُن کا گونجتا ہے اب بھی دل کی دھڑکنوں میں
اُلجھ رہی ہے زندگانی ہائے کتنی اُلجھنوں میں
کاش خوابوں میں وہ آکر حالتِ دل دیکھ جائیں

گانا نمبر ۸ - سلام پہلے تو کچھ بیقرار ہو کے کہا
غریب عشق نے پھر نامہ بر سے رو کے کہا
قسم ہے تجھے میرے ان آنسوؤں کی
میرا قصۂ غم کسی سے نہ کہنا
تڑپتے تڑپتے اگر مر بھی جاؤں
میرے دل کا عالم کسی سے نہ کہنا
غم عاشقی ہے نازک فسانہ
کہیں دل نہ ٹوٹے چمن میں کلی کا
بہاروں کے جیتے تو کرنا خوشی سے
مگر حال شبنم کسی سے نہ کہنا
وہ ہی رات دن ہیں مگر سونے سونے
وہی زندگی مگر پھیکی پھیکی
ستاتی ہے رہ رہ کے یاد کسی کی
ہیں کس حال میں ہم کسی سے نہ کہنا
مجھے اس کا ڈر ہے کہ دنیا میں اس پر
کہیں بیوفائی کی تہمت نہ آئے
محبت کی دھن میں کبھی بن گیا تھا
کوئی میرا ہمدم کسی سے نہ کہنا

ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو ایک ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات نیز پتا ہوٹلوں کے بھی درج کر دئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط وکتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱/- ایک روپیہ علاوہ ڈاک خرچ

اصلی پرانا کوک شاستر [با تصویر]

یہ کتاب بہترین ہے۔ اور ہر ایک نوجوان کیلئے اس کا پڑھنا ضروری ہے۔ اس میں تمام قسم کے آدمیوں اور عورتوں کی پہچان۔ بانجھ عورت کا علاج۔ لڑکا لڑکی پیدا ہونے کا وقت معلوم کرنا۔ چاند کی کس تاریخ کو عورت کے کس حصے میں کام جاگتا ہے۔ اس کی تصاویر اس کتاب کی زیادہ تعریف لکھنا قانون کے خلاف ہے۔ آج ہی منگا لیجئے۔ ورنہ بعد میں پچھتانا پڑے گا

قیمت صرف چار روپے علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو پبلیشرز دریبہ کلاں دہلی